# COVID-19 سے لڑائی کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں

## جانچ کروائیں





اپنی کیفیت جانیں۔ مفت میں COVID-19 اور انٹی باڈیز کے ٹیسٹس کروائیں۔

## سراغ لگائیں



ہمارے رابطہ کے سراغ لگانے والوں کی کال کا جواب دیں تاکہ اپنی کمیونٹی میں COVID-19 کے پھیلاؤ کے تدارک میں ہماری مدد کر سکیں۔

## دیکھ بھال فراہم کریں



دوسروں کے تحفظ کے لیے حفاظت سے علیحدہ ہو جائیں اور ہوٹل یا گھر پر اپنا خیال رکھیں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS | Test & Trace Corps

NYC Test and Trace Corps نے آپ کی ذاتی اور صحت کی معلومات کی رازداری اور تحفظ کی حفاظت کا تہیہ کر رکھا ہے۔ ہم جو بھی معلومات حاصل کرتے ہیں وہ نیویارک شہر کے ضابطہ صحت کے تحت صیغہ راز میں محفوظ رہتی ہیں۔ NYC Test and Trace Corps کسی کے بھی ایمیگریشن سٹیٹس کے بارے میں نہیں پوچھیں گے۔

Urdu | July 28, 2020

# اپنی حفاظت کریں۔
# اپنے عزیز و اقربا کی حفاظت کریں۔
# NYC کو پھر سے کھولنے میں مدد کریں۔

نیو یارک کا/کی ہر ایک مکین شہر کو با حفاظت پھر سے کھولنے اور COVID-19 کے پھیلاؤ کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا/کرتی ہے۔ یہ تین مرحلے ہیں جو آپ NYC Test & Trace Corps کی مدد سے اپنے آپ کو، اپنے عزیز و اقربا کو اور اپنی پوری کمیونٹی کو محفوظ کرنے کے لیے اٹھا سکتے ہیں۔ نیو یارک شہر کو با حفاظت دوبارہ کھولنے میں مدد کریں!


## ٹیسٹ کروائیں – اپنے ذہنی سکون کے لیے

اپنی کیفیت کو جاننے کے لیے آپ COVID-19 کا **مفت** ٹیسٹ کروا سکتے ہیں، اور سکون حاصل کر سکتے ہیں۔ اس امر کا تعین کرنے کے لیے کہ کہیں آپ میں وائرس پہلے ہی موجود تو نہیں تھا، ویسی سائٹیں کھوجیں جو اینٹی باڈی (دافع جسم) ٹیسٹ بھی فراہم کرتیں ہیں۔ ٹیسٹ **مفت**، محفوظ اور صیغہ راز میں ہوتے ہیں۔ شہر میں NYC Test & Trace Corps کی سینکڑوں ٹیسٹ سائٹیں ہیں۔

**اس کے لیے کسی اپائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کے قریب ٹیسٹ کرانے کی جگہ تلاش کرنے کے لیے nyc.gov/covidtest پر جائیں یا 311 پر کال کریں۔**

## کال کا جواب دیں – پھیلاؤ کے تدارک کے لیے

اگر آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت ہے یا آپ COVID-19 سے غیر محفوظ ہوئے ہیں، تو آپ NYC Test & Trace Contact Tracer (رابطہ کے سراغ لگانے والوں) سے کال وصول کریں گے۔ اگر آپ NYC Test+Trace یا ٹیلی فون علاقہ کوڈ 212 نمبر سے کال دیکھتے ہیں تو اس کا جواب دیں۔




**رابطہ کے سراغ لگانے والے (Contact Tracers) مندرجہ ذیل کریں گے:**

- پوچھیں گے کہ آپ کیسا محسوس کر رہے /رہی ہیں۔
- باقی افراد سے صحت مندانہ اور با حفاظت طور پر علیحدہ رہنے کے لیے آپ کی مدد کے لیے ذرائع پیش کریں گے۔
- اس بات کی وضاحت کریں گے کہ آپ کو کتنا عرصہ گھر کے اندر رہنے اور دوسرے لوگوں سے دور رہنے کی ضرورت ہے۔

**اگر آپ کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت ہے تو، رابطہ کا سراغ لگانے والا مزید:**

- یہ سمجھنے کے لیے سوالات پوچھ سکتا ہے کہ آپ کس طرح متاثر ہوئے۔
- آپ سے نام اور رابطہ کرنے کی جانکاری ہر اس شخص کی پوچھے گا جس سے آپ قریبی رابطہ میں رہے ہوں تاکہ ان کی حفاظت میں مدد کر سکے اور دوسروں تک وائرس کے پھیلاؤ کو روک سکے۔

**رابطہ کے سراغ لگانے والے کبھی بھی:**

- آپ کا نام یا سوشل سیکیوریٹی نمبر نہیں پوچھیں گے۔
- آپ کی ذاتی مالی یا کریڈٹ کارڈ کی معلومات نہیں پوچھیں گے۔
- آپ کے موبائل، ٹیبلٹ یا کمپیوٹر کو اپنے اختیار میں لینے یا ان پر سافٹ وئیر ڈاون لوڈ کرنے کی بات نہیں کریں گے۔

اگر کوئی رابطہ کا سراغ لگانے والا آپ تک فون کے ذریعے نہیں پہنچ سکے گا، تو ہوسکتا ہے وہ خود آپ کے پاس آئیں اور آپ کی صحت کو چیک کریں۔ یہ ثابت کرنے کے لیے کہ وہ NYC Test & Trace Corps رابطہ کے سراغ لگانے والے ہیں آپ کو اپنی شناخت دکھائیں گے۔

## اپنا خیال رکھیں – اپنے عزیز و اقربا کی حفاظت کریں۔

اگر آپ میں COVID-19 کی تشخیص ہوئی ہے یا کسی سے رابطے میں رہے ہیں جس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہے، NYC Test & Trace Corps آپ کو ہوٹل یا گھر پر باحفاظت علیحدہ ہونے میں مدد کر سکتے ہیں۔

ٹیک کئیرز ہوٹل (Take Care Hotels) مفت، محفوظ، آرام دہ اور باآسائش ہیں۔ ہم ٹرانسپورٹ، کھانے، انٹرنیٹ، کیبل ٹی وی، ایر کنڈیشنگ، ذہنی صحت اور فلاحی امداد، اور عزیز و اقربا سے رابطے میں رہنے کے لیے لامحدود مفت کال مہیا کرتے ہیں۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS | Test & Trace Corps

مزید معلومات کے لیے
**1-212-COVID19** (1-212-268-4319)
پر کال کریں یا **testandtrace.nyc** پر جائیں